★ اپنے حقوق کو جانیں ★

سرپوش رومال پہننے کا آپ کا حق

- ایئر پورٹ اور سرحد پر: اگر ایئر پورٹ سیکیورٹی سے گزرنے سے پہلے ٹرانسپورٹیشن سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کا افسر آپ سے اپنا سرپوش رومال اتارنے کو کہتا ہے تو آپ افسر کو بتائیں کہ آپ کو اسے پہننے کا حق ہے۔ اگر الارم بجتا ہے تو TSA کا افسر آپ کے سرپوش رومال کی تلاشی لے سکتا ہے یا آپ سے اسے اتارنے کو کہہ سکتا ہے؛ آپ یہ درخواست کر سکتی ہیں کہ یہ کام کسی خاتون کے ذریعہ یا علیحدہ جگہ میں کیا جائے۔ آپ یہ بھی کہہ سکتی ہیں کہ آپ TSA افسر کی نگرانی میں خود سے اس کی تلاشی لینا پسند کریں گی۔ اس کے بعد افسر کیمیکل کے رسوب کی جانچ کے مدنظر ایک چھوٹے سوتی کپڑے سے آپ کے ہاتھوں کو رگڑے گا۔ افسران محض آپ کی نسل، قومیت، مذہب، صنف، نسلی وابستگی یا سیاسی اعتقادات کی بنیاد پر اضافی جانچ پڑتال نہیں کر سکتے ہیں۔
- سرکاری اسکولوں میں: اگر آپ کا اسکول طالبات کو سر کی کسی قسم کی پوشش پہننے کی اجازت دیتا ہے تو اسے آپ کو سرپوش رومال پہننے کی اجازت دینا ضروری ہے۔ آپ کے حالات کے لحاظ سے، اسکول کے افسران سے آپ کو اپنا سرپوش پہننے دینے کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے اگر چہ سر کی دیگر پوششوں پر پابندی ہو۔
- کام کی جگہ میں: آجر کو کام کے وقت آپ کو اپنا سرپوش رومال پہننے کی اجازت دینا ضروری ہے سوائے اس کے کہ اس سے تحفظ کو خطرہ ہو یا اس سے نمایاں مسائل پیدا ہوتے ہوں۔
- عوامی مقامات: جو مقامات عوام کو قیام، غذائی خدمات یا تفریح فراہم کرتے ہیں وہ آپ کے سرپوش کی وجہ سے آپ سے واپس جانے یا خدمت فراہم کرنے سے پہلے آپ سے اسے اتارنے کا مطالبہ نہیں کر سکتے ہیں۔ حکومت کے زیر انتظام چلنے والی بیشتر سہولیات سرپوش رومال پہننے کے سبب آپ کے خلاف امتیازی سلوک نہیں کر سکتی ہیں اور اگر وہ سر کی دوسری قسم کی پوششوں کی اجازت دیتی ہیں تو آپ کو اپنا سر پوش رومال پہننے کی اجازت دینا ان کے لیے لازمی ہے۔
- ریاست کی جاری کردہ باتصویر *IDs* میں: بہت سی ریاستیں ڈرائیونگ لائسنس یا ریاست کے جاری کردہ ID میں پورے چہرے کی تصویر کا تقاضہ کرتی ہیں۔ اس ریاست کے لحاظ سے، آپ کو اس طرح کی تصاویر کے لیے اپنا سرپوش رومال پہننے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔

سرکاری اسکولوں میں آپ کے حقوق

- قانون کے تحت سرکاری اسکول کے عہدیداران سے اسکول میں ایک ایسا ماحول برقرار رکھنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے جو مذہبی ہراسانی یا امتیازی سلوک سے پاک ہو۔
- طلبہ کو اسکولوں میں اپنے مذہبی اعتقادات کا اظہار کرنے کے لیے وسیع حقوق حاصل ہیں: آپ وقفہ یا لنچ کے اوقات کے دوران نماز پڑھ سکتی ہیں یا اپنے ہم عمروں کے ساتھ، اور جہاں اس کا تعلق کسی اسائنٹمنٹ سے ہو وہاں مذہبی آراء پر گفتگو کر سکتی ہیں؛ آپ کلاس ساتھیوں کو مذہبی کتابچہ دے سکتی ہیں اور یہ انہیں اصولوں کے ساتھ مشروط ہے جو اصول طلبہ کے ذریعہ تقسیم کردہ دیگر مواد پر لاگو ہوتے ہیں۔
- اسکول کے عہدیداران اسکول ایونٹس میں باجماعت نماز کا اہتمام نہیں کر سکتے ہیں یا بصورت دیگر طلبہ میں مذہب کی ترویج نہیں کر سکتے ہیں۔

کام کی جگہ پر آپ کے حقوق

- زیادہ تر آجرین مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کر سکتے ہیں۔ اگر جائے کار میں ہراسانی کے سبب کام کرنے کا معاندانہ ماحول پیدا ہوتا ہے تو آجر مذہبی ہراسانی کا جوابدہ ہو سکتا ہے۔ کام پر آپ کو اپنے عقیدے پر عمل پیرا رہنے کی اجازت ہونا ضروری ہے سوائے اس کے کہ آپ کے مذہبی اعمال کی سہولت بہم پہنچانے سے آپ کے آجر پر زیادہ لاگت آئے یا اسے زحمت ہو۔

FBI کے ذریعہ رابطہ کیے جانے پر

- اگر FBI کا ایجنٹ یا لاء انفورسمنٹ کا افسر آپ کا انٹرویو لینے کو کہتا ہے تو آپ کو منع کرنے کا حق ہے۔ اگر لاء انفورسمنٹ کا افسر آپ کے گھر یا دفتر میں داخل ہونا چاہتا ہے تو آپ وارنٹ دیکھنے پر اصرار کر سکتی ہیں۔ اگر آپ انٹرویو لیے جانے سے اتفاق کرتے ہیں تو آپ کو ایک وکیل موجود رکھنے کا حق ہے اور آپ کسی بھی سوال، بشمول اپنے مذہبی یا سیاسی اعتقادات کے بارے میں سوالوں کا جواب دینے سے انکار کر سکتی ہیں۔
- وفاق کو غلط معلومات فراہم کرنا جرم ہے۔ خاموش رہنا جرم نہیں ہے۔
- آپ کو مخبر بننے سے انکار کرنے کا حق ہے۔ مخبر بننے پر اتفاق کرنے سے پہلے آپ کو کسی وکیل سے بات کرنی چاہیے۔ آگاہ رہیں، FBI کا ماننا ہے کہ تعاون کے بدلے میں کیا گیا کوئی بھی وعدہ پورا کرنا یا آپ کی شناخت خفیہ رکھنے کی ضمانت دینا اس کے لیے ضروری نہیں ہے۔
- اگر آپ کو اس بابت تشویش ہو کہ آپ کی مسجد یا تنظیم میں موجود کوئی شخص مخبر ہے تو آپ کو اپنے امام یا تنظیمی قیادت کو بتانا چاہیے اور آپ اور اس قیادت کو کسی وکیل سے رجوع کرنا چاہیے۔

اگر رہائش گاہ تلاش کرتے ہوئے مجھے امتیازی سلوک کا سامنا ہوتا ہے تو کیا ہوگا؟

- بیشر مالکان مکان یا بروکرز آپ کے مذہب کی وجہ سے آپ کو گھر کرایے پر دینے یا بیچنے سے منع نہیں کر سکتے یا گھر کی فروخت یا رینٹل کے لیے یا مارگیج کے سبب زیادہ چارج نہیں کر سکتے۔
- آپ کے پڑوسی آپ کے عقیدے کی وجہ سے آپ کو دھمکی نہیں دے سکتے، ہراساں یا دہشت زدہ نہیں کر سکتے۔

یہ معلومات قانونی مشورے کے طور پر تیار نہیں کی گئی ہے۔ کچھ ریاستوں کے قوانین مختلف ہو سکتے ہیں۔ دسمبر 2016 تک تازہ ترین۔

ACLU

مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی *ACLU* کو کال کریں۔
www.ACLU.org/affiliates